بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

مراسلہ نمبر:۔315۔رجسٹریشن　　مورخہ:۔17-12-2020

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

عنوان:۔ شیڈول ایڈمیشن/رجسٹریشن فرسٹ ایئر (گیارہویں جماعت) برائے تعلیمی سیشن 2020-22

بورڈ ہذا کی جانب سے قبل ازیں جاری شدہ رجسٹریشن شیڈول زیر نمبر/307 رجسٹریشن مورخہ 22-09-2020، مراسلہ نمبر 310/رجسٹریشن مورخہ 13-10-2020 کے تسلسل میں جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ PBCC سیکرٹریٹ کے مراسلہ نمبر 347/SY/PBCC/LHR مورخہ 15-12-2020 کے تحت امتحان میٹرک ضمنی (سپلیمنٹری) 2020ء میں پاس امیدواران کو درج ذیل شیڈول کے تحت اور سابقہ شیڈول میں جو امیدواران فریش رجسٹریشن/ری رجسٹریشن بروقت نہیں کروا سکے اُن کو بھی رجسٹریشن کی اجازت دی جارہی ہے۔

نمبر شمار	شیڈول	تعلیمی ادارہ جات میں آن لائن ری ایڈمیشن/ری رجسٹریشن کرنے، بینک میں فیس جمع کروانے اور بورڈ آفس میں رجسٹریشن ریٹرن (فارورڈنگ لیٹر، چیک لسٹ باتصویر، ریونیو لسٹ اور اصل بینک چالان فارم) کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی آخری تاریخ
1۔		**21-12-2020 سے 15-01-2021 تک**
-2	رجسٹریشن فیس برائے فریش امیدوار میٹرک ضمنی 2020ء	رجسٹریشن فیس+پروسیسنگ فیس+سپورٹس فیس=میزان 1000+195+100=**1295** روپے فی امیدوار
-3	-/500 روپے جرمانہ کے ساتھ رجسٹریشن (جرمانہ بورڈ کو واجب الادا ہوگا)	**16-01-2021 سے 22-01-2021 تک**
-4	رجسٹریشن فیس برائے ری ایڈمٹ/ ری رجسٹرڈ امیدوار	رجسٹریشن فیس+پروسیسنگ فیس+سپورٹس فیس+خصوصی فیس=میزان 1000+195+100+2000=**3295** روپے فی امیدوار
-5	رجسٹریشن فیس برائے فریش امیدوار میٹرک سالانہ 2020ء	رجسٹریشن فیس+پروسیسنگ فیس+سپورٹس فیس+لیٹ فیس+خصوصی فیس=میزان 1000+195+100+500+2000=**3795** روپے فی امیدوار

نوٹ:۔

1- امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I سالانہ 2020ء میں شامل امتحان تمام طلباء/طالبات کو حکومت کی پالیسی Covid-19 کے تحت پروموٹ کر دیا گیا ہے۔ تاہم انٹر پارٹ I میں پروموٹ اُمیدوار اپنا رزلٹ منسوخ کروا کے ری ایڈمٹ ہوں اور کسی بھی کالج میں اسی گروپ میں یا گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں۔رزلٹ کی تنسیخ کے لئے جناب اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات انٹر پارٹ I سے رابطہ کیا جائے۔(055-3894828)

2- موجودہ سیشن 2020-2022 میں رجسٹرڈ امیدواران کی رجسٹریشن منسوخ کروانے کی آخری تاریخ 22-01-2021 مقرر ہے اور منسوخی کی فیس مبلغ -/1000 روپے فی امیدوار ہوگی۔

3- **بقیہ شرائط قبل ازیں جاری شدہ مراسلہ جات کے مطابق ہونگی۔**

4- **مزید معلومات کیلئے رجسٹریشن (آن لائن) برانچ ٹیلی فون نمبرز: 055-3894599 اور 055-9200751-755 ایکسٹینشن 120 پر رابطہ کریں۔ یا بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com وزٹ کریں۔**

ویب سائٹ/ آن لائن رجسٹریشن بارے کسی بھی پرابلم کی صورت میں کمپیوٹر سیل کے ان نمبروں 055-3894611 یا 055-9201213 پر رابطہ کریں۔

پروفیسر لبنیٰ اخلاق خاں

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1- جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ

2- جناب ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور نارووال

3- جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور نارووال

4۔ جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں وکشمیر بورڈ) 5۔ جملہ سربراہان ادارہ جات ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

6۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ (25 کاپیاں) برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات 7۔ جملہ برانچ افسران بورڈ ہذا 8۔ جملہ سپرنٹنڈنٹ صاحبان بورڈ ہذا

9۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)